صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

مباحثات

بروز سوموار مورخہ 23 نومبر 2015ء

(بمطابق 10 صفر 1437ء ہجری)

جلد 15 | شمارہ 70

سرکاری رپورٹ

مندرجات	صفحہ نمبر
1۔ تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ	2862
2۔ اراکین کی رخصت	2868
3۔ نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات	2869
4۔ توجہ دلاؤ نوٹس ہا	2886
5۔ مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ مجریہ 2015ء کا متعارف کرایا جانا	2890
6۔ مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا صوبائی سروسز اکیڈمی مجریہ 2015ء کا زیر غور لایا جانا	2890
7۔ مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا صوبائی سروسز اکیڈمی مجریہ 2015ء کا پاس کیا جانا	2893

8۔ دعائے مغفرت 2894
9۔ این ایف سی ایوارڈ پر عملدرآمد کے بارے میں رپورٹ کا پیش کیا جانا
(پہلی ششماہی رپورٹ جولائی تا دسمبر 2014) 2895
10۔ مشترکہ تحریک التواء نمبر 155 (26 اکتوبر 2015ء کا ہولناک زلزلہ) پر تفصیلی بحث 2895

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 23 نومبر 2015ء بمطابق 10 صفر 1437 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

وَٱذْكُرُوا۟ نِعْمَةَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَـٰقَهُ ٱلَّذِى وَاثَقَكُم بِهِۦٓ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ O يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ كُونُوا۟ قَوَّٰمِينَ لِلَّهِ شُهَدَآءَ بِٱلْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعْدِلُوا۟ ۚ ٱعْدِلُوا۟ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۖ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ O وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ ۙ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيمٌ O وَٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ وَكَذَّبُوا۟ بِـَٔايَـٰتِنَآ أُو۟لَـٰٓئِكَ أَصْحَـٰبُ ٱلْجَحِيمِ۔

(ترجمہ): اور خدا نے جو تم پر احسان کئے ہیں ان کو یاد کرو اور اس عہد کو بھی جس کا تم سے قول لیا تھا (یعنی) جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے (خدا کا حکم) سن لیا اور قبول کیا۔ اور اللہ سے ڈرو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا دلوں کی باتوں (تک) سے واقف ہے۔ اے ایمان والوں! خدا کیلئے انصاف کی گواہی دینے کیلئے کھڑے ہو جایا کرو۔

اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کیلئے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔ وآخِرُ الدَعوٰنا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : کوئسچن نمبر۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: اس کے بعد آپ کو میں فلور دیتا ہوں یا چلو بسم اللہ۔ یہ چونکہ ایک سپیشل اس کے علاقے میں ایشو آیا، اس نے میرے ساتھ ڈسکس بھی کیا ہے تو اچھا ہے کہ یہ اپنا مؤقف پیش کرے۔ اور نگزیب نلوٹھا صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ میرے حلقہ حویلیاں سائڈ پر 26 اکتوبر کو ہونے والے زلزلہ سے ایک پہاڑ کے اندر دراڑیں پڑ گئی تھیں اور وہ آہستہ آہستہ سرکتا رہا اور 19 نومبر کو وہ پورا پہاڑ نیچے ندی سمندر کٹھہ میں گر گیا جس کی وجہ سے تقریباً آٹھ سو میٹر روڈ جو سجی کوٹ ستوڑا روڈ ہے، وہ مکمل طور پر ختم ہو گیا اور چالیس سے پچاس دیہاتوں کا رابطہ حویلیاں اور ایبٹ آباد سے کٹ گیا۔ جناب سپیکر! اس میں کچھ مکان جو سلائیڈنگ ہوئی ہے، اس کے پیچھے پانچ مکان تھے، وہ متاثر ہوئے ہیں اور چھ مکان اس سے آگے سلائیڈنگ سے آگے جو جہاں پر تھے، وہ متاثر ہوئے ہیں، ٹوٹل گیارہ تک فی الحال مکان متاثر ہوئے ہیں اور اس کے پیچھے پورا گاؤں ہے، پونا گاؤں اس کا نام ہے، ڈھائی سو سے تین سو جو مکانات ہیں، یقیناً وہ کسی بھی وقت اس سلائیڈنگ کی زد میں آ سکتے ہیں اور انہیں بھی سخت خطرہ درپیش ہے۔ جناب سپیکر صاحب، 19 نومبر کو یہ پہاڑ جو ہے وہ وہاں سے لینڈ سلائیڈنگ ہوئی ہے اور کل میں، پرسوں بھی اور کل بھی میں خود موقع پر موجود تھا، ضلعی انتظامیہ کے ڈی سی صاحب اور اے سی صاحب اور دوسرے ڈیپارٹمنٹس ضرور وہاں پر گئے ہیں، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جناب سپیکر صاحب، یہ کہ اس 26 اکتوبر کے زلزلہ سے پورے پاکستانیوں کو اور بالخصوص خیبر پختونخوا کو ایک امید کی کرن اسلئے نظر آئی تھی کہ مرکزی حکومت اور صوبائی حکومت نے ایک پیج پر آکر وزیر اعظم صاحب اور وزیر اعلیٰ صاحب دونوں نے متاثرہ علاقوں کے دورے بھی کئے اور عوام مطمئن تھے کہ چونکہ دونوں نے یہ کہا تھا کہ نہ مرکزی حکومت اس کے اوپر پوائنٹ سکورنگ کرے گی اور نہ صوبائی حکومت، اور مل کر متاثرین کی بحالی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے، تو مجھے بہت امید تھی، میں تین دن انتظار کرتا رہا کہ شاید صوبائی حکومت کی طرف سے اگر چیف منسٹر صاحب نہیں تو ان کی کیبنٹ کا کوئی ممبر میرے ساتھ رابطہ کرے گا اور اس بڑے سانحے کے متعلق شاید وہ میرے حلقے کے عوام کے ساتھ دادرسی کی کوشش کرے گا۔ جناب سپیکر صاحب! آج میں نے جو Statements مختلف اخباروں میں پڑھی ہیں، مجھے انتہائی

افسوس ہوا ہے کہ پی ڈی ایم اے کی طرف سے یہ بیان جاری کیا گیا ہے کہ ہم نے وہاں پر ہیوی مشینری جو Alternate road ہے، اس کیلئے منتقل کر دی ہے اور وہاں پر پہنچ گئی ہے اور خوراک اور ٹینٹ تو بالکل میں موجود تھا، وہاں پر پہنچائے گئے ہیں لیکن کوئی مشینری اس وقت تک جناب سپیکر، وہاں پر نہیں پہنچی۔ جناب سپیکر! کس طریقے سے ہم ان متاثرین کی خدمت کرنے کی بجائے اگر ہم کوئی ایسی Statement دے دیں جس کا حقیقت کے ساتھ کوئی تعلق نہ ہو تو انتہائی دکھ اور افسوس کی بات ہے۔ میں توقع رکھ رہا تھا، چونکہ وہ روڈ جو ہے، وہ ERRA کے زیر انتظام اس کے اوپر کام شروع تھا، کل وہاں پر مرکزی حکومت کے نمائندے ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی بھی وہاں پر آئے تھے اور انہوں نے کہا تھا کہ ERRA والوں کو ہدایت کی تھی کہ فی الفور وہاں پر مشینری پہنچائی جائے اور ڈی سی صاحب نے مجھے کہا کہ آج جو کل شام گزر گئی ہے، انہوں نے سی این ڈبلیو والوں کو بھی بلایا تھا اور جو پی ڈی ایم اے کی طرف سے انہوں نے کہا تھا کہ ہمارے پاس پیسوں کی کمی نہیں ہے، ہم فی الفور اس روڈ کو بحال کرتے ہیں عارضی طور پر، کیونکہ چالیس گاؤں کا یہ روڈ، رابطہ کٹ گیا ہے ان کا ایبٹ آباد اور حویلیاں سے، اب ان کے کھانے پینے کا مسئلہ بھی ہے اور ساتھ ساتھ کوئی مریض، خدا نہ کرے اگر کوئی بیماری میں مبتلا ہو جائے اور اس کے پاس کوئی فرسٹ ایڈ کا بھی اور ہسپتال تک پہنچنے کا بندوبست نہیں ہے اور میں نے کل ڈی سی صاحب سے یہ مطالبہ کیا تھا کہ روڈ کے دونوں طرف موبائل ڈسپنسریاں بھیجی جائیں تاکہ اگر کوئی معمولی بیماری یا کوئی مسئلہ ہو تو ان لوگوں کو طبی امداد پہنچائی جائے اور اس روڈ کو سپیکر صاحب! اگر بحال نہ کیا گیا تو اس پورے علاقے میں قحط جیسی صورتحال پیدا ہو گی، خوراک نہیں پہنچ سکے گی اور نہ ہی کوئی اور اقدامات کئے جائیں گے۔ تو میں صوبائی حکومت سے یہ مطالبہ کرتا ہوں، بالکل میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ زلزلہ کے دوران جس طرح مرکزی اور صوبائی حکومت نے مل کر ان کی بحالی کیلئے، متاثرین کی بحالی کیلئے اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا تھا، میں یہ چاہتا ہوں کہ آج شام تک وہاں پر اس روڈ، Alternate road کے اوپر مشینری پہنچائی جائے اور اگر آج شام تک مشینری جناب سپیکر صاحب! نہ پہنچائی گئی تو وہ چالیس گاؤں کے لوگ جو ہیں وہ بے یار و مددگار، وہ احتجاج کرنے کیلئے بھی تیار ہیں اور پھر مجھے ان کے احتجاج میں، میرا چونکہ وہ حلقہ ہے، ان کے ساتھ برابر کا شریک ہونا پڑے گا اور میں نہیں چاہتا کہ حکومت کیلئے کوئی مسئلہ کھڑا ہو اور حکومت کے پاس جناب سپیکر صاحب! وسائل ہیں اور اس کیلئے چونکہ زلزلہ کیلئے دونوں حکومتوں نے مل کر کام کرنے کا جو وعدہ کیا ہے لوگوں کے ساتھ، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی معمولی کام بھی نہیں ہے، کم از کم دو ڈھائی کلومیٹر

Alternate road اس کا بنایا جائے گا جہاں پر لینڈ سلائیڈ نگ ہوئی ہے، وہاں پر تو اس راستے پر بلڈوزر گزارنا بھی بہت مشکل ہے۔ یہ اگر وہاں پر بلڈوزر لگاتے ہیں تو پورا گاؤں پیچھے تین چار سو گھر جو ہیں، اس کے ساتھ اس سلائیڈ نگ سے بہہ جانے کا خطرہ ہے۔ اسی گاؤں سے کل۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مشتاق، مشتاق غنی صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: متعلقہ ڈیپارٹمنٹ نے سروے بھی کیا ہے تو میں یہ مطالبہ کرتا ہوں صوبائی حکومت سے کہ آج شام تک وہاں پر تمام مشینری بھیجی جائے اور چند دنوں کے اندر اندر یہ روڈ بحال کیا جائے۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب! پلیز۔

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! جیسے اورنگزیب نلوٹھا صاحب نے فرمایا ہے، یہ واقعہ، واقعی زلزلہ کے بعد ان پہاڑوں میں دراڑیں پڑ گئی تھیں اور اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اتنی بڑی سلائیڈ نگ ہونے کے باوجود کوئی ہیومن لائف کو نقصان نہیں ہوا یا کسی املاک کو نقصان نہیں پہنچا۔ روڈ بہت بڑا تھا، چونکہ پہاڑ پورے کا پورا نیچے چلا گیا ہے تو اس میں یہ دونوں علاقوں کا آپس میں کنکشن جو ہے وہ ختم ہو گیا ہے۔ میری کل بھی صبح ڈپٹی کمشنر سے بات ہوئی تھی، پھر اسسٹنٹ کمشنر جو On spot تھے، ان سے بھی بات ہوئی، نلوٹھا صاحب بھی وہاں پر گئے، وزٹ کیا، ڈپٹی سپیکر صاحب نے بھی وزٹ کیا، Immediately جو ہم نے کیا ہے، ہم نے Relief goods پہنچا دیئے ہیں، وہاں پر ٹینٹس کل ہی پہنچا دیئے گئے تھے، ریلیف کا Sufficient سامان ہے اور آج ہی میری ڈپٹی کمشنر سے کوئی تین چار گھنٹے پہلے بات ہوئی تھی، میں خود بھی اس کو مانیٹر کر رہا ہوں، دیکھ رہا ہوں کہ کوئی بھی چیز جو ہے جو صوبائی گورنمنٹ سے تعلق رکھتی ہے تو ہمارا فرض ہے، حلقہ ان کا ہے لیکن ہمارے بھائی ہیں سارے، ہمارا فرض ہے یہ۔ مشینری کے بارے میں مجھے ڈپٹی کمشنر نے بتایا ہے کہ وہ این اینچ اے کے ساتھ بھی اور ہماری سی اینڈ ڈبلیو کی جو مشینری ہے، وہ موو کر دی گئی ہے، نیسپاک کے ساتھ بھی وہ رابطے میں ہیں اور ERRA کے ساتھ بھی، یہ ERRA کا روڈ ہے اور ERRA نے بنایا تھا اور ابھی بھی ان کا اس کے کسی حصے پر کام جاری ہے اور وہ لوگ بھی وہاں پر ہی ہیں، صرف مسئلہ یہ ہے کہ جہاں سے یہ سلائیڈ نگ ہوئی ہے، اسی جگہ پر روڈ بنانا بہت مشکل ہے، اب اس کیلئے کوئی Alternative route جو ہے، وہ کل انہوں نے اس کا سروے کمپلیٹ کیا ہے اور Hopefully آجکل میں ہیوی مشینری کے ساتھ

اس کے اوپر کام شروع کر دیا جائے گا۔ میڈیکل کی موبائل ٹیم بھی وہاں پر موجود ہے،آج جو میری اطلاع ہے کہ آج انہوں نے بھجوادیا ہے وہاں پر اور آپ نلوٹھا صاحب! ضرور چیک کریں کہ جو باتیں میں شیئر کر رہاں ہوں یہاں فلور پر، اگر اس میں کوئی کمی ہے تو Again ہم ڈپٹی کمشنر سے پوچھیں گے کہ آپ نے مجھے جو بتایا تھا، وہ چیزیں وہاں پر نہیں ہیں But hopefully یہ چیزیں وہاں پر پہنچ گئی ہیں اور ان شاء اللہ مجھے امید ہے کہ اگلے ایک دو دنوں میں اس رابطے کو بحال کرنے کی بھرپور کوشش کی جارہی ہے اور یہ رابطہ بحال ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 2543، جعفر شاہ، سوری 2548۔

جناب جعفر شاہ: سوال نمبر 2548۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ زما خیال دے پارلیمانی سیکرٹری به ځوک وی جواب به راکړی، منسټر صاحب خو ما شاء اللہ اسمبلئ ته نه راځی۔ دا سوال جی ما کړے وو چې څومره اسامیانې خالی دی په ایجوکیشن ډیپارټمنټ کښې پرائمری اینډ هائی اینډ هائر سیکنډری؟ سپیکر صاحب! دوئ جواب راکړے دے چې لس زره دوه سوه او دوه شلویښت اسامئ خالی دی او دا جواب مونږه جی یو نیم کال مخکښې مو لیږلے وو نو سپیکر صاحب! د تعجب خبره دا ده چې په دیکښې کومې لرې پرتې علاقې دی، لکه په سوات ضلع کښې څوارلس سوه پوسټونه خالی دی، دیر غونډې پسمانده علاقه کښې اتهاره سو پوسټونه خالی دی، نو چې دومره پوسټونه خالی وی نو د ماشومانو به سبق یقیناً چې متاثره کیږی، نو زما د منسټر صاحب نه یا د حکومت نه دا سپلیمنټری سوال دے چې یره دوئ وائی چې جلدی عمل میں لائی جائے گی تعیناتی نو دا جلدی به کله راځی جی؟ د دې خو مونږه ډیر وخت اوشو او دا چې Ratio دوئ په کوم Ratio باندې دا Calculation کړے دے چې Per teacher، د څومره سټوډنټس د پاره یو ټیچر پکار دے، هغه کومه Ratio چې ده هغه Forty، چې دغه لږ وضاحت مونږ ته او کړی۔ مشتاق غنی صاحب جواب دیں گے؟

جناب سپیکر: نه منسټر صاحب پینځو منټو کښې رارسی او زما خیال دے لاء منسټر، Concerned Minister چې دے نو هغه پینځو منټو کښې رارسی۔

جناب جعفر شاہ: سر! اس کا تو لاء منسٹر صاحب دے دیں جواب۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جعفر شاه صاحب! که تاسو د Reply نه مطمئن نه یئ، ډیپارټمنټ خو Already reply درکړې ده، که تاسو مطمئن یئ، په هغې کښې Clear cut لیکلی دی چې د این ټی ایس ټیسټ په ذریعه مشتهری شوې ده او ان شاء الله عنقریب په دې به این ټی ایس به اوشی۔ تاسو ته پته ده چې د ټیچنګ په دغه کښې زمونږه حکومت ډیر سیریس دے او غواړی، زړه سره غواړی چې یره دا کمے چې کوم د پوسټونو دے، دا پوره شی خو بیا که هم تاسو مطمئن نه یئ، لږ انتظار اوکړئ، منسټر صاحب به راشی، تاسو سره به خپله په دې باندې بیا خبره اوکړی، دا پینډنګ کړئ۔

جناب سپیکر: په دیکښې بیا Basically ټیسټونه روان دی ځکه چې خپله دغه یم، په صوابئ کښې پرون هم چې دے نو این ټی ایس ټیسټونه روان وو او په دغه باندې وو او زما خیال دے چې منسټر صاحب به پوره جواب درکړی او هغه ما ته میسج اوکړو چې زه اوس پینځو منټو کښې رسمه نو یو پینځه منټه، خو بهرحال زما خیال دے د دې نه علاوه بل کوئسچن وی نو هغه به واخلو او چې څنګه راشی تاسو به هغه دغه کړی۔ دا نور آئټمز به مونږه واخلو، ټول هغه سره Related دی نو هغه چې څنګه رااورسی نو دا به مونږه اوکړو۔

جناب جعفر شاہ: پوهه نه شومه جی۔

جناب سپیکر: دا چې کوم کوئسچنز دی Mostly د هغه سره دغه دی، Related دی۔

جناب جعفر شاہ: د هغوی پورې به ئے ایسار کړو۔

جناب سپیکر: د هغوی پورې به ئے ایسار کړو۔

جناب جعفر شاہ: صحیح ده جی۔

جناب سپیکر: او مونږه نور چې کوم د اسمبلئ دغه دی، هغه به مخکښې بوځو۔

جناب جعفر شاہ: صحیح دہ۔

جناب سپیکر: د چھټئ دغه دی، د چھټی دغه راغلی دی او دا خو ډیر زیات دی نو زه خو دې خپل معزز اراکین اسمبلی ته ریکویسټ کومه چې دا اوس زما سره تقریباً په دې وخت کښې چوده کسان ایم پی ایز او سات کسان چې دی نو دا پندره ایم پی ایز دی او چه چې دی نو دا منسټرز دی، د چھټئ د پاره درخواست دے، زه ستاسو مخې ته راؤړم خو تاسو ته ریکویسټ دا کوم چې د دې هاؤس ښکلا هم ستاسو نه دہ نو تاسو چې لږ مهربانی کوئ، لږ په دیکښې ټائم ورکوئ۔ بنیادی مقصد دا دے چې دلته کښې قانون سازی اوشی، د خلقو نمائندگی اوشی، زما ټولو معزز اراکین ته دا ریکویسټ دے چې ټائم باندې چې دے نو دوئ حاضری کوی او دویمه خبره دا ده چې کم از کم چھټئ دا لږې کمې کړی چې کم از کم دا خپل اوریجنل کار چې کوم دے دا پوره کړو۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب! د معزز اراکین اسمبلی دا حاضری د یقینی کړے شی او دا چې چا گوشوارې نه دی جمع کړی۔

جناب سپیکر: په دیکښې پینځه کسان چې دی، پینځه کسانو گوشوارې نه دی جمع کړی، پینځه کسان او زما خیال دے چې لږ د ذمه دارئ احساس پکار دے چې کومې قانونی تقاضې دی چې هغه پوره کړی او چې چا گوشوارې نه دی جمع کړی پینځه کسان دی، او بل دا ده چې هغه بله ورځ ئے په اخبار کښې خبر راليږلے وو، راغلے وو چې یره داسې کسان هم راغلی دی چې هغوی گوشوارې نه دی جمع کړی او هغوی اجلاس Attend کړے دے، داسې هیڅ قسمه خبره نشته، زمونږ په ریکارډ باندې ښه یو دا دغه دے، دا خبر چې کوم وو د دې حقیقت سره هیڅ تعلق نشته۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: چھٹی: جناب بخت بیدار خان 20 نومبر 2015؛ جناب صالح محمد صاحب 20 تا 23 نومبر 2015؛ جناب سردار ظہور احمد صاحب 20 تا 23 نومبر 2015؛ جناب محمد زاہد درانی 20 تا 23 نومبر 2015؛ جناب فضل حکیم صاحب 20 نومبر 2015؛ جناب اعظم خان درانی 20 تا 23 نومبر 2015؛ جناب محمد ادریس خان 23 نومبر 2015؛ جناب افتخار مشوانی صاحب 20 تا 23 نومبر 2015؛ جناب عزیز اللہ خان

20تا23نومبر 2015؛راجہ فیصل زمان20نومبر 2015؛سردار فرید خان کو میں نے کہیں دیکھا،اچھا یہ 20نومبر کی،اس کی20نومبر کی ہے؛مفتی سید جانان صاحب23نومبر 2015؛الحاج ابرار حسین صاحب 23نومبر 2015؛محمد علی شاہ صاحب23نومبر 2015؛میڈم یاسمین پیر محمد23نومبر 2015؛ملک ریاض صاحب 23 تا25 نومبر 2015؛ جناب عنایت اللہ، سینیئر منسٹر 20 تا23 نومبر 2015؛ جناب سردار سورن سنگھ 20 تا23 نومبر 2015؛ ملک قاسم صاحب کی تو20 کو چھٹی تھی اور درخواست دی اور آج Available ہیں؛جناب اکرام اللہ گنڈاپور صاحب23نومبر؛جناب عبدالکریم، سپیشل اسسٹنٹ ٹوچیف منسٹر23نومبر 2015؛ملک شاہ محمد خان23نومبر 2015؛یہ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: چلوآپ نے بڑاپن دکھایا،آپ نے منظور کیا، شکریہ جی۔

نشانزدہ سوالات اورانکے جوابات

جناب سپیکر: اچھا۔ عاطف خان! ہم نے آپ کی وجہ سے کوئسچنز لیٹ کروائے تھے۔ ابھی 2548، سید جعفر شاہ صاحب۔

* 2548 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبے کے مختلف سکولوں (پرائمری، مڈل اور ہائی) میں اساتذہ کی آسامیاں خالی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کون کونسی کٹیگری (سی ٹی، پی ایس ٹی، بی ایڈ) کی کل کتنی آسامیاں کب سے خالی ہیں، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے، نیز حکومت ان آسامیوں پر تقرری کیلئے کیا اقدامات اٹھارہی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ بی ایڈ پوسٹ نہیں بلکہ کوالیفیکیشن ہے جبکہ سی ٹی اور پی ایس ٹی کی کل 10242آسامیاں خالی ہیں جن میں 6431مردانہ پی ایس ٹی اور 632مردانہ سی ٹی۔ اسی طرح 483زنانہ سی ٹی اور 2696زنانہ پی ایس ٹی کی آسامیاں ہیں۔ ان آسامیوں کو این ٹی ایس کے ذریعے مشتہر کیا گیا ہے اور عنقریب ان پر تعیناتیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ ضلع وائز تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

جناب جعفر شاہ: عاطف خان ته پخیر وایو جی۔ عاطف خان! دا کوئسچن نمبر 2548، په دیکښې دوئ وئیلی دی چې 10200 آسامیانې خالی دی اور بہت جلد اس پر تعیناتیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ بل جی دیکښې ما دا خبره اوکړه چې ډیرې زیاتې آسامئ چې دی، هغه کومې لرې پرتې علاقې دی، پسمانده علاقې دی، په هغې کښې خالی دی۔ 1800 آسامیانې په دیر کښې خالی دی، 1400 په سوات کښې خالی دی، یقیناً دا ډیر لوئې نقصان دے او ماشومانو ته ډیر تکلیف وی نوټهیک ده تاسو هغه تفصیل راکړے دے خو زه وایمه چې په دې باندې لږه زیاته تعدی اوکړی، په دې باندې ډیر زیات خلقو ته تکلیف دے، ماشومانو ته او استاذان چې نه وی نو یقیناً هغه تعلیمی، د هغوی هغه ټول سسټم متاثره کیږی نو تاسو لږ غوندې ډیډلائن ورکړئ نو ډیره مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: مهربانی جی۔ تقریباً څه تیر کال تاسو ته به په نالج کښې هم وی، تقریباً څه ساړهې باره هزار ټیچرز بهرتی شوی وو تیر کال، په یو ټرانسپیرنټ سسټم سره، زمونږه چې حکومت راغے، چې باره هزار خالی وو خو تیر کال تقریباً ساړهې باره هزار پوسټونه Fill شو خو اوس موجوده په دې تیر بجټ کښې مونږه دس هزار Vacancies نوی Create کړی دی چې کوم Already خالی دی، هغه به هم Fill کیږی او دس هزار مو نوی دا ریکارډ چرته په دومره دغه کښې عمر کښې زما په خیال چې دس هزار Vacancies چرته په یو کال کښې د صوبې په دې تاریخ کښې نه دی Create شوی، دس هزار نور، څکه ټوټل Requirement ډیر دے، دس هزار دې کال، دس هزار په راروان کال کښې، دس هزار پسې بیا بل کال، خو بهرحال دوئ چې کوم د ممبر صاحب خبره ده، هغې له راځم چې دا پراسیس شروع دے۔ تقریباً ایجوکیشن ډیپارټمنټ ته دې وخت کښې د پوسټ د پاره، د نورو پوسټونو د پاره 1,77000 خلقو اپلائی کړې ده نو 1,77000 خلقو چې اپلائی کړې ده، د هغوی پراسیسنگ، د هغوی Documentations، د هغوی هر یو څیز، نو دا خو چونکه تیر بجټ کښې Approve شوی وی نو د هغې پراسیسنگ اوشو، اوس ئے ټیسټ روان دے خو

مختلف فیزز کښې ټیسټ کیږی او ان شاء اللہ تعالیٰ اخری خبره دا ده چې دسمبر پورې به ان شاء اللہ چې دا ټول چې کوم خالی Vacancies دی، چې کوم دا پراسیس کښې روان دی نو تقریباً دا به ان شاء اللہ تعالیٰ، څه باره هزار یا تیره هزار دی، دا به ان شاء اللہ تعالیٰ دسمبره پورې Fill شی او د دې سره یو باره سو کیسز وو په کورټ کښې، هغه کیسز هم ډیپارټمنټ اوګټل او ان شاء اللہ تعالیٰ د هغې هر څه شوی وو خو صرف نوټیفیکیشن ئے پاتې وو نو د دې باره سو به نوټیفیکیشن هم اوشی او دا 1,77000 چې دا کوم پراسیس روان دے نو ان شاء اللہ تعالیٰ By December دا چې ټومره پراسیس روان دے، د دې به بهرتی اوشی ان شاء اللہ تعالیٰ۔

جناب سپیکر: جی، جعفر شاہ صاحب، نیکسٹ، 2554۔

* 2554 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر توانائی و برقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے اس سال 15-2014 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں صوبے میں 350 چھوٹے پن بجلی کے منصوبے شروع کرنے کیلئے تین ارب سے زیادہ رقم مختص کی تھی اور ان منصوبوں کو اس سال شروع کرنا تھا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 15-06-30 تک کتنے منصوبے مکمل ہو چکے ہیں اور کتنے منصوبوں پر عملی طور پر کام شروع ہے، اب تک ان منصوبوں پر کتنی لاگت آئی ہے، یہ منصوبے کہاں کہاں شروع کئے گئے ہیں اور ان سے کتنی بجلی پیدا ہوتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر توانائی و برقیات): (الف) یہ درست ہے کہ حکومت نے سال 15-2014 میں 356 چھوٹے پن بجلی کے منصوبے شروع کئے ہیں جو کہ 16-2015 سالانہ ترقیاتی پروگرام (ADP) میں بھی شامل ہیں لیکن ان کی فنڈنگ ہائیڈل ڈیویلپمنٹ فنڈ سے کی جاتی ہے نہ کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام سے۔ ان منصوبوں پر 15-2014 میں کام کا اجراء ہو چکا ہے۔

(ب) 2015-06-30 تک کوئی منصوبہ مکمل نہیں ہوا، فی الحال 105 پراجیکٹس پر کام ہو رہا ہے جس کی کل Capicity 6055 KW ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	ضلع پراجیکٹ	تعداد	Capicity (KW)
1۔	ایبٹ آباد	06	340

2۔	بٹگرام	13	795
3۔	چترال	30	3195
4۔	دیر(اپر)	04	140
5۔	بونیر	17	240
6۔	سوات	17	535
7۔	شانگلہ	13	420
8۔	کوہستان	11	390
	ٹوٹل	105	6055

ان منصوبوں پر30جون2015تک524ملین روپے کے اخراجات ہوچکے ہیں۔

جناب جعفر شاہ: مہربانی جی۔December should be December۔ دا جی کوئسچن نمبر2554، دیکښې دا ما تپوس کړے وو جی چې 356 ډیمونه چې په هغې کښې پراګریس څه روان دے؟ نو دوئ مونږه ته پراګریس راکړے دے او په هغې کښې ټوټل 105 سکیمونو باندې دوئ وائی چې کار شروع دے، تکمیل ته پکښې لا یو هم نه دے رسیدلے۔ په دیکښې یو دا چې 251 پراجیکټس لا پاتې دی جی، نو لکه دا به کله پورې، دا خو وړې وړې پراجیکټې دی، په دې باندې لږه تعدی اوشی او بل دا چې د دې پراسیس څه دے، ټینډرنګ پراسیس ئے څه دے۔ It`s tender out or-----

جناب سپیکر: عاطف خان!

وزیر برائے توانائی و برقیات: جی دا دوئ سره چې کوم دغه دے، دا لږ غوندې زوړ دے، اوس چې فریش ما کوم نن راواخستو نو په دیکښې ټوټل Fifteen چې دی نو هغه کمپلیټ شوی دی، اوس د نن ورځې خبره که کوؤ، په دیکښې Fifteen complete شوی دی او په 105 باندې نور کار روان دے، فزیکل ورک په دې 105 باندې روان دے۔ په دیکښې46 چې وو، په هغې باندې Stay order راغلے وو، په هغه پراسیس باندېStay order راغلے وو، د دوه کمپنیانو کنسورشیم وو او هغوی چې کومه ټهیکه اخستې وه، په هغې کښې یوه سرکاری اداره وه، یوه پرائیویټ وه نو چې د هغوی هغه ټینډر مینډر هر څه اوشو، پراسیس اوشو نو هغه

سرکاری ادارہ چې کومه وه، هغوي ترې Backout شو چې یره په دې پراسیس کښې مونږ حصه نه اخلو، نو په 46 باندې Stay order وو نو د دې د وجې 46 د هغې د وجې ایسار وو او باقی باندې پراسیس روان دے۔ تاسو به زما به دلته ټول چې کوم ممبران دی چا ایریا کښې سپیشلی ملاکنډ دے یا هزاره ده یا هلته شانګله ده یا نور ټول دغه ایریاز کښې دی، که فرض کړه تاسو مونږ سره دغه اوکړئ، په دیکښې ملګرتیا اوکړئ او مونږه ته ئے Identify کړئ چې کوم ځائې کښې فزیبل پراجیکټس تاسو ته ښکاری، زمونږ ډیپارټمنټ سره به رابطه اوکړئ نو دیکښې مونږ غواړو چې زیات نه زیات دا خو ساړهې تین سو دی، نور هم مونږ وایو، څومره زیات نه زیات مونږ کولې شو نو ان شاء اللّٰه تعالیٰ تاسو په Identification به، مونږ ته ئے Identify کړئ چې کوم ځائې تاسو دا ګڼړئ چې واړه واړه پراجیکټس فزیبل شته، هغه به پکښې مونږ Include کړو خو ټوټل دې وخت کښې په 105 باندې کار روان دے او باقی نور هم دیکښې لږ غوندې په دې کار کښې Delay راغلې ده خو په هغې کښې څه خو د دې Identification د دې ځائې دا پرابلم وو، دا لږ Complicated کار دے، طریقه ئے دا ده دیکښې تقریباً څه Community involvement 20% کوی، In Shape of labor شو یا هر څه شو، هغوی شو او باقی حکومت فنډنګ کوی، نو په دومره زیات تعداد کښې دې Historically دا چرته کښې مخکښې شوی نه دی، دا په وړومبی ځل باندې فرسټ ټائم دا کار کیږی چې ساړهې تین سو سائټس او په هغې کښې د Community involvement دا په اوپن ټینډرنګ باندې کیږی، د ضلعو په حساب باندې چې په هغې کښې څوک مختلف ځایونه، مختلف کمپنیانو اخستی دی خو هغه داسې دی چې هغوی به ئے جوړ کړی او دا به بیا کمیونټی ته Handover کیږی، هغوی به ئے بیا چلوی۔ نو چونکه یو نوے شیز دے نو د دې وجې پکښې لږ ډیر پرابلم شته، Delay پکښې شته خو بهرحال یو د Site identification پکښې لږ غوندې پرابلم دے او باقی پکښې د Stay order دا پرابلم راغے، څه پکښې د دې زلزلې د وجې، د مون سون د وجې، د دغې وجې څه ځایونو کښې کار Delay دے، بهرحال کوشش به کوؤ ان شاء اللّٰه تعالیٰ چې نور هم کار پرې تیز شی، ان شاء اللّٰه۔

جناب سپیکر: سلیم خان! سپلیمنٹری، سلیم خان، سپلیمنٹری۔

جناب سلیم خان: سر، شکریہ۔اس میں ایک سپلیمنٹری کوسچن میرا یہ ہے سر! کہ ملاکنڈ ڈویژن میں جو Potential ہے چھوٹے پن بجلی گھروں کی، اس میں سے چترال میں کوئی 55 پن بجلی گھروں کا Agreement ہوا تھا شروع میں، اور وہاں پہ بہت اچھے Potential sites بھی ہیں اور کمیونٹی بھی Mobilized ہے تو ابھی یہاں پہ Show کیا گیا ہے کہ 30 جو ہیں Sites، ان کی Identification پہ کام ہو رہا ہے تو سر! فی الحال یہ ہے کہ کام ایک پر بھی کمپلیٹ نہیں ہوا ہے اور Progress slow ہے۔ دوسرا سر، 500 KW کے بھی ایسے Sites ہیں جہاں پہ 500 اور ایک میگاواٹ تک گنجائش ہے مگر یہ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کوئی قدغن ہے کہ آپ 500 کلوواٹ بجلی گھر اور پاور ہاؤس نہیں بنا سکتے ہیں یا اس سے زیادہ آپ نہیں بنا سکتے ہیں، تو Kindly میری منسٹر صاحب سے گزارش یہ ہے کہ جہاں پر Potential ہے ایک میگاواٹ یا دو میگاواٹ کی، وہ اگر اس میں شامل کیا جائے تو بہتر ہوگا اس صوبے کیلئے۔

جناب سپیکر: زرین گل! سپلیمنٹری۔

جناب زرین گل: ډیره شکریه جی۔ محترم سپیکر صاحب، دا وائی چې برق گرتی ہے تو بیچارے مسلمانوں پر، دا چې کوم دا Stay شوے دے ، دا زما په دې تورغر په دې باندې، اوس زه حیران دې ته یمه چې سروے اوشوه، زبردست Potential دے ، زورآور خوړونه دی، Identification اوشو، څه رکاوټ د Site نشته، خرچه پرې اوشوه، کال یو نیم کال اوشو زه دفترو کښې گرځمه د انرجی اینډ پاور، بیا زه چې کوم دے هغه سیکرټری ته لاړمه چې امریکې ته تلے دے ، بیا ما وئیل چې کله به راځی؟ بیا پسې لاړمه، ما ورته اووئیل خدائے اومنئ تاسو هم گورې ایډوکیټ جنرل هم شته، دغه هم شته، ستاسو لاء شته، تاسو ولې چې کوم دے یو نیم کال اوشو دا په Stay order باندې، دا څه چل دے ، دا څوک انبنتی دی، په کور کښې کوم ټهیکه دار، تاسو ولې دا څیز دا مسئله نه حل کوئ؟ اوسه پورې چې کوم دے د تربیلا ډیم متاثرین د سره بجلی شته دے نه د واپډې، مونږ دا یو دغه اوګنړله چې یره دا دغه به اوشي، دا به د علاقې ضرورت پوره کړی او

دا سې بدبختي ده چې يو غاړې ته دلته کار نه کېږي او که نه وي نو بيا پرې Stay
دے ، نو د Stay د پاره څوک ځي نه، نو دا ولې دا حکومت دغه نه کوي ؟

جناب سپیکر: عاطف خان، پلیز۔

وزیر برائے توانائی و برقیات: سپيکر صاحب! کومه پورې چې د Stay تعلق دے نو په هغې کښې خو زه څه نشم وئيلے ، دا خو د عدالت دغه دے ، هلته خو زه چې د Stay Order وی نو Obviously په هغې کښې خو بيا زه څه نشم وئيلے خو هغه خو د عدالت خوښه وی چې هغوی په څه څيز باندې Stay ورکوی يا څومره اوږده Stay چلوی ؟ خو مونږ به ئے د خپل ډيپارټمنټ د طرف نه Peruse کوؤ هم او تاسو ته زه يو ځل بيا دا چې دا څومره دلته ممبرز ناست دی، چې کوم د هغه علاقو سره تعلق ساتئ، مونږ ته تاسو که Suggestions راکړئ ډيپارټمنټ ته او مونږ ته Sites نور Identify کړئ، زمونږ Sites نور پکار دی، مونږه وايو چې د ساړهې تين سو او د ساړهې تين سو نه علاوه که نور هم داسې Sites وی نو ان شاء الله تعالیٰ په هغې باندې به کار شروع کړو۔ بالکل تاسو ته اوپن دغه درکومه چې مونږ ته Sites راکړئ چې نور څومره تاسو په خيال باندې Sites دی (تالیاں) ډيپارټمنټ به ئے اوګوری، که هغې کښې فزيبل وی نو هغه به ان شاء الله تعالیٰ په هغې کښې جوړ شی، باقی د Stay Order باره کښې خو سپيکر صاحب! زه څه نشم وئيلے خو اوس په هغې کښې زه څه اووايم ؟

جناب سپیکر: سليم خان والا کوم دغه، سليم خان چې کوم دغه اوکړو۔ (مداخلت)
يو منټ جی، سليم خان چې کوم کوئسچن کړے وو، هغه لږ دغه کړئ۔

وزیر برائے توانائی و برقیات: ښه جی۔ سليم خان! تاسو سوال کړے وو۔

جناب سپیکر: سلیم خان! چترالی۔

جناب سلیم خان: جناب سپیکر صاحب! چترال کے بجلی گھروں پر کام Slow ہے۔

وزیر برائے توانائی و برقیات: جناب سپیکر صاحب! چترال میں پن بجلی گھروں پر کام بے شک ہے، میری ابھی بھی ڈیپارٹمنٹ سے میٹنگ ہوئی، کام Slow ہے۔ اس میں کچھ وہ 20% جو Intentional feasibility report بنی تھی، وہ Hundred کی نہیں تھی، وہ یہ تھا جی، 20% اگر وہ کمیونٹی کی طرف Involvement ہوگی، اس میں کچھ ٹیکنیکل پرابلمز تھے اور کام بے شک میں مانتا ہوں کہ کام Slow تھا

لیکن اس کو ابھی خصوصی توجہ کے طور پر، اسی وجہ سے میں نے آپ لوگوں کو بھی بولا کہ مزید Sitesاگر Identifyہوتے ہیں تو کام ان شاء اللہ تعالیٰ Hopefullyاس پر تیز کروا رہے ہیں۔

Mr. Speaker: Next Question 2557, Syed Jafar Shah.

* 2557 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) پچھلے دو سالوں 14-2013اور 15-2014 کی اے ڈی پی میں صوبے کے مختلف علاقوں میں سو(100) سو(100) سکولوں کے قیام کیلئے رقم مختص کی گئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ دو سالوں کے دوران صوبے میں کتنے سکولز بنائے گئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے، نیز جن سکولوں پر کام شروع نہیں کیا گیا ہے، ان کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) گزشتہ دو سالوں 14-2013اور 15-2014 کے دوران صوبے میں جتنے سکولز بنائے گئے ہیں، ان کی تفصیل لف ہے جبکہ ایسا کوئی سکول نہیں جس پر کام شروع نہیں کیا گیا ہو۔

جناب جعفر شاہ: (قہقہہ) د زرین گل خان کوئسچن وو جی۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ کوئسچن نمبر 2557۔ دوئ جی تفصیل را کړے دے چې دومره سکولونو باندې کار شروع کړے دے او دومره نوی سکولونه منظور شوی دی۔ اوس جی دیکښې دا ده چې کوم په تیر سیلاب کښې سکولونه تباه شوی وو، په هغې کښې بلها سکولونه پاتې دی او اوس د دې Recent چې کوم Earthquake وو، زلزله، هغې کښې هم بلها سکولونه اوس داسې شوی دی جی چې ماشومان هغې ته دننه نه شی تلې، نو زما به دا ریکویسټ وی منسټر صاحب ته چې مهربانی اوکړی او د هغې د پاره ایمرجنسی بنیاد باندې، ځکه جی چې کالام غوندې، متلتان کښې جی تاسو به پریس کښې کتلی وی میډیا باندې، ماشومان په واؤرو باندې ناست دی، په سوؤنو ماشومان، هغه دننه تلې نشی د یرې نه، ځکه چې هغې کښې دراړونه دی او هغه بلډنګان داسې دی چې هغه Anytime they can fall، نو دغه مې ورته یو ریکویسټ دے چې دوئ ایمرجنسی بنیاد باندې دا څومره سکولونه چې اوس دغه شوی دی چې د هغې د پاره بندوبست اوشی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: سپلیمنٹری؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سپلیمنٹری سر۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو سر۔ میرا جناب منسٹر صاحب سے، ذرا یہ بتادیں کہ ابھی تک 2013-14 کی اے ڈی پی کے جو سکولز ہیں، ابھی تک ان کو فنڈزز ریلیز نہیں ہو رہے تو اب 2015-16 کی اے ڈی پی بھی آ گئی ہے اور فنڈز ریلیز نہیں ہو رہے ہیں۔ 2013-14 کے وہ سارے پرائمری ہیں، پرائمری سے اپ گریڈیشن ہے مڈل تک، مڈل سے ہائی ہے، تو میرا ان سے کوئسچن یہ ہے کہ کم از کم اس سلسلے میں یہ تھوڑا Expedite کر لیں کہ یہ فنڈز کیوں ریلیز نہیں ہو رہے؟ 2013-14، 2014-15 اور 2015-16 تو ابھی تک شروع نہیں ہوئے ہیں، تو کم از کم ان کے جو فنڈز ہیں، ان پہ ذرا وہ کر لیں کہ ان کو جلدی ریلیز کر لیں تاکہ 2015-16 کی اے ڈی پی پر کام شروع ہو سکے۔

جناب سپیکر: عاطف خان! عاطف خان۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر! ایک سپلیمنٹری اسی سے متعلق۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے بعد یہ کر لے گا، وہ کوئسچن پھر آگے پیچھے ہو جاتے ہیں نا، اس کے بعد، سپلیمنٹری۔۔

(شور)

جناب سپیکر: دیتا ہوں آپ کو موقع نا، یہ Explain کر لیں، اس کے بعد آپ اٹھ لیں نا، پھر میں آپ کو۔۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، شاہ حسین خان، کیونکہ وہ جو اصل کوئسچن ہوتا ہے، وہ پھر Properly address نہیں ہو جاتا تو اسلئے میں کہتا ہوں کہ وہ بات کر لیں تو اس کے بعد آپ بات، کوئسچن کر لیں گے۔

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب، زما دیکښې دا ضمنی سوال دے چې که دوئ دا د صوبائی اسمبلئ د حلقو په بنیاد ورکړی وی نو په بټګرام کښې خو دوه حلقې دی او دوه ایم پی ایز دی او دوه سکولونه دی، نو په مردان کښې خو زما یقین دے سر! چې اته ایم پی ایز دی نو بیا اته پکار وو، نو مردان کښې شپاړس سکولونه دی او په بټګرام کښې دوه دی۔

جناب سپیکر: عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: یو خو جی چې کوم دا اصلی سوال وو، د هغې خو اول 100 سکولونه یو وو، 160 بل وو، په دیکښې ټوټل 260 سکولونه دی۔ په دیکښې د اووه نه علاوه په باقی ټولو باندې فزیکل کار شروع دے خو دیکښې کله نه کله لږ غوندې پرابلمز راشی د Site د وجې، چې کوم ممبران صاحبان ورته Site suggest کړی ډیپارټمنټ ته، هغوی بیا په هغې باندې اکثر د کلی مینځ کښې خپلو کښې دغه، یو وائی دې ځائې کښې جوړ کړئ، بل وائی دې ځائې کښې جوړ کړئ، مونږ باندې هم دا پریشر راشی د دغه کلی والو د طرفه، یو چې کوم هغلته خلق وی لوکل، یو وائی زما ایریا کښې جوړ کړئ، بل وائی زما ایریا کښې جوړ کړئ، نو څه دغې وجې نه هغه Site Identification کښې پرابلم راشی، مونږ د دې وجې نه بیا بیا، تیر کال هم که ستاسو یاد شی مونږ دې ممبرانو ته بیا بیا ریکویسټ کړے وو چې مونږ ته Site identify کړئ۔ نو د دغې وجې کار لیټ شی، چې کار شروع لیټ شی نو Obviously بیا به نور هم لیټ کیږی خو بهر حال د فنډز څه مسئله نشته، فنډ ورته، ټولو ته چې کوم ځائې کښې کار روان دے، ټهیک دے څه پرابلم پکښې نشته، څه کیس نشته، بل څه نشته نو په هغې کښې دغه زه به هم اوګورم که چرته Specific داسې سکول پکښې وی۔ ما تیرو ورځو کښې سی اینډ ډبلیو ډیپارټمنټ سره، د هغوی منسټر او ټول ډیپارټمنټ سره خصوصاً د Execution باره کښې میټنګ کړے وو، مونږ وئیل چې یره دا کارونه پرې تیز شی۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

جناب سپیکر: جی عاطف خان!

جناب محمد علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ): جناب سپیکرا!

جناب سپیکر: سپلیمنٹری۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: جناب سپیکر، زه د منسټر صاحب په دې جواب باندې خبره کوم، د ډیپارټمنټ په جواب باندې خبره کوم۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: دې باره کښې یو خبره کوم۔۔۔۔

جناب سپیکر: چلو ایک منٹ آپ، یہ نلوٹھا صاحب بات کر لیں، اس کے بعد آپ، نلوٹھا صاحب۔

راجہ فیصل زمان: میں نے ٹائم لیا ہے سر! میں نے۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: راجہ صاحب کو سر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: راجہ فیصل، اس کے بعد آپ کو، جی راجہ فیصل!

راجہ فیصل زمان: سر! یہ آپ سوال کا جواب ذرا دیکھیں، منسٹر صاحب کیلئے کافی Alarming ہے۔ اس میں سے یہ جو آخری خانہ لکھا ہوا ہے نا سر! Physical Status، اس میں سے ایک بھی کمپلیٹ نہیں ہے، Hundred percent پراگریس ہے خالی، شروع ہوئے ہیں خالی، یہ سب سے Alarming ہے کہ تیسری اے ڈی پی جا رہی ہے اور آخری خانے میں کمپلیٹ کہیں نہیں لکھا ہوا۔ پہلا سال کنسلٹنسی کی نذر ہو گیا کہ ہم نے کہا کنسلٹنٹس کو دیں گے، وہ ہمارا تجربہ فیل ہوا، تو ہم ایک سال پیچھے جا رہے ہیں، ہم ایک سال اپنا ضائع کر چکے ہیں، لہذا میری منسٹر صاحب سے ریکویسٹ ہو گی، جس طرح انہوں نے ٹیچرز پر مانیٹرنگ کیلئے لوگ رکھے ہوئے ہیں، اس طرح ان سکولوں کی بھی مانیٹرنگ ہونی چاہیئے اور ان سے یہ ان کا سوال نہیں بنتا بلکہ سوال میرے بھائی نے جو کیا ہے، ان کو یہ کرنا چاہیئے تھا کہ کتنے Physically پرسنٹ ہو چکے ہیں؟ انہوں نے صرف پوچھا، شروع ہوئی ہے یا نہیں ہوئی، اگر وہ اس طرح کا سوال کرتے تو ان کیلئے ذرا پرابلم بڑھ جاتا۔

جناب سپیکر: جی عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اگر پہلے ان کا جواب یا جن کا بھی، بہر حال ایک تو نمبر ون یہ ہے کہ پہلے 100 سکولز بنتے تھے، اب 160 سکولز بنتے ہیں، مطلب یہ نمبر ہم نے اتنے بڑھا دیئے ہیں کہ 160 سکولز بنیں ہر سال اور دوسری بات یہ ہے کہ ان کی پہلی بات کہ کنسلٹینسی کی وجہ سے سٹارٹ میں اس میں Delay آیا اور اس کی Completion کا Normally تین سال ٹائم ہوتا ہے جو کہ ابھی ہم نے کم کر دیا ہے، ہم نے ابھی یہ کہا ہے کہ جی کم از کم سال میں اس کو کمپلیٹ کیا جائے لیکن پہلے میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کتنے وقت میں؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: پہلے تین سال کا، جو بھی پراجیکٹس ہوتے تھے سرکاری، وہ تین سال کیلئے ہوتے تھے کہ جی تین سال میں، چاہے وہ روڈز ہوں، سکولز ہوں، جو بھی ہو، وہ تین سال کا ٹائم ہوتا تھا، تو ابھی ہم نے اس کا کر دیا ہے کہ کم از کم اس کو ایک سال کے دوران کمپلیٹ کیا جائے۔ تو سٹارٹ میں تو

کنسلٹنسی اور Identification کی وجہ سے پرابلم آیا ہے لیکن یہ تھوڑی سی پرانی، اس میں کمپلیٹ ہو بھی گئے ہیں اور اس پر کام تیز بھی کر رہے ہیں۔ جو دوسرے میرے بھائی ممبر صاحب نے بات کی سکولوں کی کہ جی مردان میں زیادہ سکولز ہیں، پتہ نہیں کتنے ہیں 16 ہیں؟ یا باقی جگہوں میں، ایک تو ضلعوں کے حساب سے بھی ہوتا ہے، چھوٹے ضلع اور بڑے ضلع کا فرق بھی ہوتا ہے لیکن اس کے علاوہ مطلب بڑا ضلع ہو تو اس میں Obviously زیادہ سکولز بنیں گے، چھوٹا ہو تو کم بنیں گے لیکن اس میں چھوٹی سی میری ایک ریکویسٹ ہے یا گزارش ہے کہ روایتاً اس صوبے میں جو پہلے کام ہوتے رہے ہیں، مطلب وہ چیف منسٹر ہوں تو وہ اپنے ڈسٹرکٹ کو ڈیویلپ کر لیتے ہیں، کوئی جو ایجوکیشن منسٹرز رہے ہیں، وہ اپنے حلقے میں یا علاقے میں سکولز بہت زیادہ بنا لیتے ہیں، تو یہ ایک رہی ہے اور تھوڑے سے مردان میں سکولز زیادہ ہیں لیکن میری ان سے یہی ریکویسٹ ہوگی کہ لوگوں کی Expectations ہوتی ہیں، Obviously بحیثیت ایجوکیشن منسٹر اگر ایک ایم پی اے جو کہ منسٹر نہیں ہے یا کہ کوئی اس کے پاس اور عہدہ نہیں ہے، اس کے حلقے میں بھی اگر ایک سکول بنتا ہے اور ایجوکیشن منسٹر کے حلقے میں بھی ایک سکول بنتا ہے تو لوگوں کی Requirements ہوتی ہیں، Obviously وہ ان کو بھی پتہ ہوگا، اگر آپ ایم پی اے نہ ہوں تو آپ سے Expectations نہیں ہوتیں، آپ جب ایم پی اے ہو جاتے ہیں تو آپ سے Expectations زیادہ ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح جب آپ منسٹر ہوتے ہیں، ایجوکیشن منسٹر ہوتے ہیں تو اس میں Expectations تھوڑی سی زیادہ ہوتی ہیں اور میرے خیال میں تھوڑا سا علاقے کا، اس کا بھی حق بنتا ہے، تو یہ ہے کہ کچھ زیادہ فرق نہیں ہوگا لیکن تھوڑی بہت اگر اس میں گنجائش کی ضرورت ہوگی، اس میں سے ایک میں تھوڑا (مداخلت) ہاں ہاں، یہ ایک اس کے طور پر (مداخلت) ہاں، اس پر تھوڑا On lighter note وہ ہمارے ایک منسٹر صاحب ہیں، وہ کہہ رہے تھے کہ ہم گاڑی میں جا رہے تھے تو ان کے لیڈر نے پوچھا، کسی نے فون کر کے پوچھا کہ جی کہاں ہیں آپ؟ تو اس نے کہا کہ جی ویسے ہی عام طور پر لوگ بتاتے ہیں کہ میں وہاں پر پہنچ گیا ہوں حالانکہ پہنچے نہیں ہوتے، تو اس نے کوئی تین چار سو گز کا بولا کہ جی یہ اب میں یہاں پر ہوں تو جب اس نے فون بند کیا تو اس کا جو لیڈر ساتھ بیٹھا ہوا تھا تو اس نے کہا کہ تم نے جھوٹ بولا ہے، تو اس نے کہا کہ کیا جھوٹ بولا ہے؟ کہتا ہے جی تم نے کہا ہے کہ ہم تو فلاں روڈ پر ہیں، تو ہم تو اس روڈ پر ابھی نہیں پہنچے، اس نے کہا کہ جی وہ سامنے ہے، تو اس نے کہا کہ جی سامنے تو ہے لیکن یہ کہ اس روڈ پر تو ہم نہیں ہیں، تو اس نے کہا کہ تین سو، چار سو گز کا فرق ہے، تو کہتا ہے کہ ہاں فرق تو ہے، تو وہ کہتا ہے کہ جی اگر تین چار سو گز کی بھی

ہمیں سیاست میں گنجائش نہیں دیتے تو یہ بڑا مشکل ہو جائے گا۔ تو مطلب یہ ہے کہ اگر بحیثیت ایجوکیشن منسٹر اگر تھوڑے بہت سکولز زیادہ بن جائیں، زیادہ نہیں ہوں گے لیکن تھوڑا بہت علاقے کا حق بنتا ہے۔

جناب سپیکر: محمد علی! محمد علی، سپلیمنٹری، محمد علی۔ (مداخلت) ایک منٹ، محمد علی!

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ دې جعفر شاه صاحب ډیر ښه سوال کړے دے خو زه د خپل منسټر صاحب د قابلیت، د مخلصئ او د اخلاصتوب زه شک په هغې کښې نه کوم خو ما ته لږ افسوس د ډیپارټمنټ په دې جواب باندې راځی۔ د منسټر صاحب غریب خو دوه ډیپارټمنټس دی یا په میټنګ کښېEngage وی یا چې دے هغه پراپر اسمبلئ ته جواب راځی نو هغه Concerned Minister خو هغه جواب Follow کوی خو زه په دې ډیر افسوس کوم جناب سپیکر صاحب! چې په دیکښې ئے لیکلی دی چې 2014-15 کے دوران صوبے میں جتنے سکولز بنائے گئے ہیں، ان کی تفصیل لف ہے جبکہ ایسا کوئی سکول نہیں ہے جس پر کام شروع نہیں ہے، زه ډیر په افسوس سره وایم جناب سپیکر صاحب! تاسو دا بل پیج اوګورئ، لاسټ کښې ئے لیکلی دی دیر اپر، په ډسټرکټ دیر اپر کښې PK-92 زما حلقه ده، په دیکښې درې سکولونه ورکړی دی، لکه زه بحیثیت د یو صوبائی، زه د یو حکومتی ممبر زه ډیر په افسوس سره وایم چې دا جواب چا ورکړے دے، ټهیک ټهاک د دغه خلقو خلاف د ایکشن واخستے شي چې دا ولې غلط بیانی دې اسمبلئ ته کوی او زما داسې منسټر چې د هغه په قابلیت کښې څه شک نشته، هغه داسې یو جواب ورکوی؟ پکښې یو درې سکولونه ئے زما ورکړی دی جی، سیریل نمبر 54 سپیکر صاحب! تاسو اوګورئ، PK-92، دا زما حلقه ده، سیریل نمبر 58، سیریل نمبر 59، جناب سپیکر صاحب! نه ما د دې سکولونو افتتاح کړې ده، نه په دې باندې چرته چا کشئ وهلې ده، په دیکښې ئے لیکلی دی In progress، ډیر په افسوس سره وایم، حلقه زما ده، سکولونه زما دی، د دې ما افتتاح نه ده کړې نو کار د کوم ځائې نه شروع شو؟ زه ډیر افسوس په ایجوکیشن ډیپارټمنټ باندې کوم چې ولې غلط بیانی کیږی، زما د منسټر تضحیک کیږی؟

جناب سپیکر: جی عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: د دې به جې اوس چې دوئ کومه خبره اوکړه، که فرض کړه دا ئے غلط بیانی کړې وی، زه به سبا د دې خائې، پیښور نه به ورسره تیم ځی او دوئ به هم ځی، که په موقع باندې کار نه وی شروع او ډیپارټمنټ دا دغه ورکړے وی چې کار شروع دے نو چې اسمبلئ ته د غلط جواب ورکولو څه سزا ده، هغه سزا به ورته ملاویږی ان شاء اللہ۔

Mr. Speaker: Next 2560, Syed Jafar Shah.

* 2560 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیر توانائی وبرقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ بحرین سوات میں درال ہائیڈرو پاور پراجیکٹ جس کاافتتاح 2012 میں ہوا تھا،اس پر کام جاری ہے؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ پراجیکٹ ایم او یو کے تحت مقامی مشران پر مشتمل متعلقہ ایم پی اے کی سربراہی میں نگران کمیٹی کا قیام عمل میں لایا تھا کہ کمیٹی کے ساتھ مشاورت سے منصوبے کی نگرانی اور تکمیل کی جائے؛

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ پراجیکٹ میں جتنی بھی ملازمتیں ہیں،ان پر مقامی لوگوں کو بھرتی کیاجائے گا جن کی سفارش متعلقہ کمیٹی کرے گی؛

(د) اگر (الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ کمیٹی کی حیثیت کیاہے،آیامتعلقہ اتھارٹیز بشمول ٹھیکیدار سرکاری منظور شدہ کمیٹی کو اعتماد میں لے کر اس کی مشاورت سے کام کر رہی ہے، نیز پراجیکٹ میں اب تک کی گئی بھرتیوں کی تفصیل بمعہ اس میں مقامی اور غیر مقامی کتنے لوگوں کو مستقل اور عارضی ملازمت دی گئی ہے،فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف(وزیر برائے توانائی وبرقیات): (الف) جی ہاں۔

(ب) شائیڈواب (پیڈو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اٹھائیسویں نشست منعقدہ 9 مئی 2012 میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ایک شکایات ازالہ کمیٹی (Grievance Redressal Committee) کا قیام عمل لایا جائے گا،متعلقہ رکن صوبائی اسمبلی اس کمیٹی کا چیئر مین ہوگا اور مقامی آبادی سے متعلقہ امور پر بات کرنے کیلئے فوکل پرسن ہوں گے اور پراجیکٹ کی تکمیل کے سلسلے میں اگر کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے تو کمیٹی سے رجوع کیاجائے گا۔

(ج) جی ہاں۔

(د) شکایات ازالہ کمیٹی (Grievance Redressal Committee) کیلئے مقامی آبادی نے باہمی رضامندی اور اتفاق سے ممبران کے نام متعلقہ ممبر صوبائی اسمبلی کو دے کر کمیٹی کا قیام عمل میں لانا تھا مگر تاحال مقامی آبادی کا ممبران کے ناموں پر اتفاق نہیں ہو سکا ہے۔ معزز ممبر صوبائی اسمبلی جناب سید جعفر شاہ صاحب نے بھی مختلف نشستوں پر مقامی مشران کی توجہ اس طرف کئی بار مبذول کرائی ہے۔ جب متعلقہ معزز ممبر صوبائی اسمبلی کمیٹی کو تشکیل دیں، وہ پراجیکٹ مقامی انتظامیہ کے افسران اور تعمیراتی کمپنی کی انتظامیہ کیلئے قابل قبول اور معاون ہوگا لیکن اس کے ساتھ ساتھ منصوبے کی ابتداء سے مقامی آبادی کے لوگ اور مشران انفرادی و اجتماعی حیثیت سے مقامی آبادی سے متعلقہ امور پر باقاعدگی سے نشستیں و ملاقاتیں کرتے رہتے ہیں، ان کے جائز مطالبات پورے کئے جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں جناب سید جعفر شاہ صاحب کی سربراہی میں بھی کئی نشستیں ہوئی ہیں جن میں مقامی آبادی سے متعلقہ امور کا موقع پر ہی ازالہ کیا گیا ہے۔ جہاں تک منصوبے میں روزگار کا تعلق ہے تو سرکاری بھرتیاں تو چلانے کے فیز (Operation Phase) میں کی جائیں گی لیکن تعمیراتی فیز میں تعمیراتی کمپنی اور کنسلٹنٹس کے ساتھ بھرتیوں میں باقاعدگی کے ساتھ مقامی آبادی اور سوات کے لوگوں کو ان کی تعلیم، ہنر اور تجربہ کے لحاظ سے ہمیشہ ترجیح دی گئی ہے۔ اب تک بھرتیوں و روزگار کے بارے میں مندرجہ ذیل تفصیل سے اس امر کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے:

<u>ملازمتوں و روزگار کی تفصیل:</u>

(1) <u>بحرین سے:</u>

تعداد ملازمین ماہوار تنخواہ پر	141 عدد۔
تعداد ملازمین Daily Wages پر	295 عدد۔
ٹوٹل بحرین سے	436 عدد۔

(2) <u>مدین سے:</u>

تعداد ملازمین ماہوار تنخواہ پر	22 عدد۔

(3) <u>مینگورہ سے:</u>

تعداد ملازمین ماہوار پر	16 عدد۔

(4) <u>باقی سوات سے:</u>

تعداد ملازمین ماہوار پر	20عدد۔
تعداد ملازمین ملاکنڈ ڈویژن سے (1+2+3+4)	494عدد۔

(5) باقی خیبر پختونخوا سے:

تعداد ملازمین ماہوار پر	31عدد۔

(6) باقی پاکستان سے:

کمپنی کے مستقل ملازمین	112عدد
کل تعداد	637عدد۔
تناسب بلحاظ فیصدی	
بحرین	69%۔
مدین	04%۔
ملاکنڈ	79%۔
مینگورہ	03%۔
باقی سوات	03%۔
باقی خیبر پخوانخوا	04%۔
باقی پاکستان	17%۔

